# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 28 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸ فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ تیرتھ راج پریاگ عوام کو یکجہتی اور ہم آہنگی کی ترغیب دیتا ہے: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا عندیہ۔

☆ انتظامیہ میں مصنوعی ذہانت AI کے استعمال کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت؛ 100 روزہ ایکشن پروگرام کا جائزہ بھی لیا۔

☆ پونا سوارگیٹ بس اسٹینڈ پر جنسی زیادتی معاملے کا ملزم گرفتار؛ بس اسٹینڈز اور بس ڈپو کے حفاظتی آڈٹ کرنے کی وزیرِ ٹرانسپورٹ کی ہدایت۔

☆ مراٹھواڑہ واٹر گرڈ منصوبے کیلئے مرکزی حکومت سے فنڈ حاصل کرنے کی کوشش کریں: نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی انتظامیہ کو ہدایت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھی زبان گورو دِن کے موقع پر مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ تیرتھ راج پریاگ ہم سبھی کو یکجہتی اور ہم آہنگی کی تحریک دیتا ہے۔ اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کمبھ میلے کے اختتام کے حوالے سے اپنی ایک تحریر میں وزیرِ اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ دنیا بھر میں اس طرح اجتماع کے انعقاد کی مثال نہیں ملتی۔ انھوں نے کہا کہ کمبھ میلے کی منصوبہ بندی اور انتظامات، مینجمنٹ کے پیشہ ور افراد کیلئے بھی باعثِ دلچسپی ہے۔ اس عظیم کمبھ میلے کے انعقاد کے ذریعے ملک کی عوام نے دنیا کے سامنے اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا ہے۔ اسی خود اعتمادی کے ساتھ ترقی یافتہ بھارت کا عزم پورا کرنے کی انھوں نے ترغیب دی۔ کمبھ میلے میں نوجوان نسل کی شمولیت پر وزیرِ اعظم نے اظہارِ اطمینان کیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ عوامی فلاح، تیز رفتاری اور شفافیت بہتر طرزِ حکمرانی کے نہایت اہم باب ہیں اور ہدایت کی کہ بہتر طرزِ حکمرانی کیلئے مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفیشیل انٹیلیجنس کا استعمال کیا جائے۔ وہ کل ممبئی میں حکومت کی جانب سے 100 دن کیلئے طئے کردہ منصوبوں پر ہوئے کام کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر مختلف سطحوں پر بہترین کارکردگی دکھانے والے 15 محکموں کے کاموں کی تفصیلات پیش کی گئی۔ وزیرِ اعلیٰ نے اس موقع پر ہدایت کی کہ منترالیہ سے لیکر گاؤں کی سطح تک تمام دفاتر کے سرکاری افسران شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے اور انھیں مطمئن کرنے کیلئے کوشش کریں۔

***** ***** *****

اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندر کانت پاٹل نے اعلان کیا ہے کہ ریاست کے غیر زرعی یونیورسٹیوں میں اساتذہ کی بھرتی کے عمل کی حکومت نے منظوری دے دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھرتی کے عمل کو مزید شفاف اور منصفانہ بنانے کیلئے ایک نیا طریقۂ کار اختیار کیا جائے گا، جس کے تحت اب امیدواروں کی تعلیمی اسناد و صلاحیت اور انٹرویو میں اُن کی کارکردگی کو بھی مدِ نظر رکھا جائے گا۔

***** ***** *****

پونا کے سوارگیٹ بس اسٹینڈ پر پیش آئے جنسی زیادتی کی واردات کے ملزم دتاتریہ گاڑے کو پونا پولس نے شرور تعلقہ سے گرفتار کرلیا ہے۔اس سلسلے میں جاری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ اس ملزم کو آج عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

اسی دوران اس واقعے کے پس منظر میں خاتون مسافروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے حوالے سے ایس ٹی کارپوریشن کا ایک اجلاس' وزیرِ ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائیک کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اس موقع پر ریاست کے تمام بس اسٹینڈز اور ڈپو کے حفاظتی آڈٹ کی ہدایت وزیرِ موصوف نے دی۔علاوہ ازیں انھوں نے ایس ٹی اور آر ٹی او احاطے میں موجود خراب اور ناکارہ گاڑیوں کو 15 اپریل سے قبل ہٹائے جانے' تمام ایس ٹی بسوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے اور بس اسٹینڈز پر خواتین سیکوریٹی گارڈز کی تعداد میں اضافے کا بھی سرنائیک نے حکم دیا۔ انھوں نے خواتین سے درخواست کی کہ کسی بھی ڈر اور خوف کے بغیر بلا جھجھک وہ ایس ٹی کے ذریعے سفر کریں' کیونکہ ان کی حفاظت کے سخت اقدامات کیے جارہے ہیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر درجِ فہرست ذاتوں وقبائل کمیشن کے سربراہ دھرم پال میشرام نے چھترپتی سمبھاجی نگر کے لاسور اسٹیشن پر دو ہفتے قبل پیش آئے جنسی زیادتی اور قتل کی واردات کے سلسلے میں سخت اقدامات نیز خاطیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا ہے۔وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔انتظامی کاہلی کے معاملات میں سخت کارروائی کا انتباہ بھی میشرام نے دیا۔انھوں نے استحصال کا شکار افراد سے درخواست کی کہ ان کے خلاف ہونے والی ناانصافی پر آواز اٹھائیں' نیز معاشرہ اور انتظامی افسران' ان استحصال کا شکار افراد کے ساتھ کھڑے رہیں۔اگر انتظامیہ اپنے کاموں میں سستی اور کاہلی کا مظاہرہ کرتی ہے تو کمیشن کی جانب سے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی میں نابالغ لڑکی کے ساتھ جنسی زیادتی کے واقعے میں پولس نے دو ملزمان کو حراست میں لے لیا ہے اور ایک ملزم کو تین دن پولس کسٹڈی میں رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔اَپر پولس سپرنٹنڈنٹ یشونت کاڑے نے بتایا کہ اس سلسلے میں تحقیقات درست سمت میں جاری ہے۔اس واقعے کی مذمت میں کل پربھنی میں ماتنگ سماج کی جانب سے جلوس بھی نکالا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے مسّا جوگ میں سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل کے مقدمے میں سی آئی ڈی کی جانب سے خصوصی موکا عدالت میں ڈیڑھ ہزار صفحات پر مشتمل فردِ جرم داخل کی گئی ہے۔واضح رہے کہ گذشتہ 9 دسمبر کو سنتوش دیشمکھ کو اغواء کے بعد بہیمانہ طور پر قتل کردیا گیا تھا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ مراٹھواڑہ میں خشک سالی کو ختم کرنے کیلئے مراٹھواڑہ واٹر گرڈ منصوبہ نہایت اہم ہے اور ہدایت کی کہ اس منصوبے کیلئے مرکزی حکومت سے خصوصی فنڈ کے حصول کیلئے کوشش کریں۔وہ کل آبرسانی اور صفائی محکمے کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔شندے نے اس موقع پر مرکزی وزیر برائے آبی قوت سی آر پاٹل سے ٹیلیفونک رابطہ بھی کیا۔ریاست کے ہر گاؤں کو صاف وشفاف پانی کی فراہمی' اور ''ہر گھر جل'' منصوبے کے تحت صد فیصد نل کنکشن دینے کا ہدف پورا کرنے کا حکم بھی نائب وزیرِ اعلیٰ نے دیا۔

***** ***** *****

مراٹھی زبان گورَودن کل مختلف پُر وقار تقاریب کے ساتھ منایا گیا۔اس موقع پر زبان اور مراٹھی ادب کی ترقی میں نمایاں خدمات انجام دینے والی ممتاز شخصیات کو ممبئی کے گیٹ وے آف انڈیا پر اعزاز سے نوازا گیا۔تقریب میں نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار‘ نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے اور مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت بھی شریک تھے۔اس موقع پر 2024 کا وِندا کرندیکر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ بزرگ ادیب آنجہانی آر آر بوراڑے کو دیا گیا۔ان کی صاحبزادی پر یرنا دلوی نے یہ اعزاز وصول کیا۔

پونا کی جیوتسنا پبلیکیشن کو شری پی بھا گوت ایوارڈ دیا گیا۔ناسک ضلع کے نفاڑ تعلقے میں واقع شرواڑے وَنی گاؤں کو جو معروف شاعر کسما گرج کا آبائی گاؤں ہے کو اسے اب کویتا گاؤں کے طور پر جانا جائے گا۔مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت نے گذشتہ روز منعقدہ ایک تقریب میں یہ اعلان کیا۔

مراٹھی گورَو دِن کی مناسبت سے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں کوی سمّیلن منعقد کیے گئے۔مراٹھوارہ ساہتیہ پریشد اور ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں منعقدہ ان مشاعروں میں مختلف مراٹھی شاعروں نے اپنی تخلیقات پیش کیں۔

***** **** *****

لاتور ضلع کے احمد پور تعلقے میں مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد کل رابطہ وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے اور امدادِ باہمی کے وزیر بابا صاحب پاٹل کی موجودگی میں رکھا گیا۔احمد پور میں تعلقہ ویٹرنری اسپتال کی عمارت کا سنگِ بنیاد اور سڑکوں کی تعمیر کے کام ان میں شامل ہیں۔

***** **** *****

ہنگولی ضلع اونڈھا ناگناتھ تعلقے میں گاؤں پیڑے گاؤں سولنکے میں نوجوانوں نے جل جیون مشن کے تحت تعمیر کردہ خشک آبی ذخیرے پر چڑھ کر مظاہرہ کیا۔گاؤں میں پانی کی فراہمی نہ ہونے پر ضلع انتظامیہ کی جانب سے شکایت کے باوجود کوئی قدم نہ اٹھائے جانے پر یہ مظاہرہ کیا گیا۔بعدازاں متعلقہ محکمے کی جانب سے تحریری تیقن کے بعد یہ مظاہرہ ختم کردیا گیا۔

***** **** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ تیرتھ راج پریاگ عوام کو یکجہتی اور ہم آہنگی کی ترغیب دیتا ہے:وزیرِ اعظم نریندر مودی کا عندیہ۔

☆ انتظامیہ میں مصنوعی ذہانت AI کے استعمال کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت؛100 روزہ ایکشن پروگرام کا جائزہ بھی لیا۔

☆ پونا سوارگیٹ بس اسٹینڈ پر جنسی زیادتی معاملے کا ملزم گرفتار؛بس اسٹینڈز اور بس ڈپو کے حفاظتی آڈٹ کرنے کی وزیرِ ٹرانسپورٹ کی ہدایت۔

☆ مراٹھواڑہ واٹر گرِڈ منصوبے کیلئے مرکزی حکومت سے فنڈ حاصل کرنے کی کوشش کریں:نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی انتظامیہ کو ہدایت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھی زبان گورَو دِن کے موقع پر مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** **** *****